جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

یورپی یونین کے پارلیمانی اعلیٰ سطحی وفد کی دارالعلوم آمد:

گزشتہ ماہ اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل کے اہم ارکان پر مشتمل وفد نے دارالعلوم کا خصوصی دورہ کیا تھا۔ دارالعلوم کی عالمی شہرت اوراہمیت کی بناء پر بیرون ملک سے وفود کا سلسلہ روز بروز بڑھ رہا ہے۔اسی سلسلے میں یورپی یونین کے پارلیمنٹ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے بھی بروز ہفتہ ۱۷ردسمبر دارالعلوم حقانیہ کا تفصیلی دورہ کیا۔وفد کی سربراہی برطانیہ کی مسز نینا رگل نے کی۔آپ کے علاوہ اس میں مسٹر نکلسن، مسٹر رابرٹ ایونسن وغیرہ شامل تھے۔نینا رگل یورپی یونین پارلیمنٹ کی ایشین کمیٹی کی چیئر پرسن ہیں۔آپ کے ہمراہ یورپی پارلیمنٹ کے دیگر سات اہم ممبران بھی تھے۔ گیارہ رکنی وفد نے دارالعلوم کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور طلباء اور علماء سے ملاقاتیں کیں اور دارالعلوم حقانیہ اوراس کے نصاب کے بارے میں تفصیلی بریفنگ انہیں دی گئی۔ سینیٹر مولانا سمیع الحق صاحب کی بیرون ملک ہونے کی وجہ سے وفد کی میزبانی مولانا حامد الحق حقانی MNA نے کی اور مختلف سوالات کے جوابات بھی آپ نے دیئے۔ آپ کے ہمراہ مولانا راشد الحق اور مولانا یوسف شاہ بھی تھے۔وفد نے اس حقیقت کا اعتراف کیا کہ دارالعلوم حقانیہ ایک مکمل تعلیمی ادارہ ہے اور یہاں آکر اور خود معائنہ کرنے کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ اسلام اور دارالعلوم حقانیہ کے بارے میں مغرب میں بڑی غلط فہمیاں پھیلائی گئی ہیں۔اس موقع پر مقامی صحافیوں نے چیئر پرسن نینا گل اور ممبران پارلیمنٹ سے سوال کیا کہ آپ نے مولانا سمیع الحق کو کیوں یورپی یونین کے پارلیمنٹ آنے سے روکا تھا؟ آپ لوگ تو جمہوریت کے علمبردار ہیں؟ اس موقع پر نینا رگل نے شرمندگی کے ساتھ اعتراف کیا کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا دراصل یہ ایک معمولی غلط فہمی کی بناء پر ہوا تھا۔میں ذاتی طور پر مولانا کا احترام کرتی ہوں، اور ہماری یہاں مولانا سمیع الحق کی رہائش گاہ پر آمد اسی لئے ہے کہ ہم وہ پرانا تاثر ختم کرسکیں اور ہم دارالعلوم حقانیہ کی مزید ترقی کی امید کرتے ہیں۔ یہاں آکر ہمیں دلی مسرت ہوئی۔

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا سعودی عرب اور ترکی کے اسفار:

۲ردسمبر ۲۰۰۶ء کو حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سعودی عرب ریاض ایک خصوصی کانفرنس میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے۔ جو تین چار دسمبر کو شہزادہ نائف بن عبدالعزیز وزیر داخلہ کی صدارت میں منعقد ہوئی۔یہ ایوارڈ سنت نبویہؐ اور اسلامی موضوعات پر اہم کام کرنے والے شخصیت کو دی جاتی ہے۔یہ کانفرنس پرنس نائف ایوارڈ